سورة النّصر

Chapter 110 — Support & help

آیات 3

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے جو سنورنے والوں کی مرحلہ واراور قدم بہ قدم مدد ورہنمائی کرتے ہوئے انہیں ان کے کمال تک لے جانے والا ہے(وہ یہ آگاہی دے رہا ہے کہ)!

اِذَا جَآءَ نَصۡرُ اللّٰہِ وَ الۡفَتۡحُ ۙ﴿۱﴾

1-(اس اعلان کے بعد! کہ اے اہلِ کُفر! میں اس ہستی کی غلامی واطاعت کرنے والانہیں ہوں جس کی تم غلامی و اطاعت کرتے ہو! اک نئے تصادم کا آغاز ہو جائے گا۔ لہٰذا، اے رسولؐ) جب اللہ کی مدد آجائے اور کامیابی کے دروازے کھل جائیں،

وَ رَاَیۡتَ النَّاسَ یَدۡخُلُوۡنَ فِیۡ دِیۡنِ اللّٰہِ اَفۡوَاجًا ۙ﴿۲﴾

2-اورتم اپنی آنکھوں سے دیکھو کہ انسان فوج درفوج اللہ کے نظامِ زندگی میں داخل ہورہے ہیں،

فَسَبِّحۡ بِحَمۡدِ رَبِّکَ وَ اسۡتَغۡفِرۡہُ ؕؔ اِنَّہٗ کَانَ تَوَّابًا ٪﴿۳﴾

3-تو پھر(اہلِ ایمان کوبھی بتلادو کہ)اپنے رب کی عظمتوں کا اعتراف اوراس کی تحسین وستائش کرتے ہوئے اس کے احکام وقوانین پر زیادہ تیزی سے سرگرمِ عمل ہوجائیں۔اور(اس سلسلے میں پیش آنے والے)خطرات ومشکلات کے مقابلے میں اُس کی حفاظت طلب کرتے رہیں۔اوراس میں کوئی شک وشبہ ہی نہ رکھیں کہ اللہ ایسا ہے کہ اگر کوئی غلط راستہ چھوڑکر واپس اس کے صحیح راستے پرآجاتا ہے تو وہ اس کی واپسی قبول کرلینے والا ہے۔(لہٰذا، کامیابیوں کے لئے اُسی اللہ کے ساتھ چمٹے رہیں)۔

ع 1 3 35 — وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم